کھڑے ہوکر پانی پی لیا تو کیا اسے قے کر کے نکالنا ضروری ہے؟

مجیب: فرحان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-917

تاریخ اجراء: 28شوال المکرم1444ھ/19مئی2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کسی نے کھڑے ہو کر پانی پیا تو کیا انگلی ڈال کر قے کرنا ضروری ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

بیٹھ کر پانی پینا سنت اور کھڑے ہو کر پانی پینا خلاف سنت ہے، حدیث پاک میں یہاں تک ارشاد فرمایا گیا جس نے کھڑے ہو کر پانی پیا تو وہ قے کر دے لیکن یاد رہے کہ یہ حکم استحبابی ہے وجوبی نہیں، لہٰذا جس نے کھڑے ہو کر پانی پی لیا تو وہ گناہ گار نہیں ہوگا اور اس پر قے کرنا واجب نہیں تاہم اس صورت میں کوئی قے کرے تو ایسا کرنا مستحب ہے۔

مشکوۃ المصابیح میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”لا یشربن احد منکم قائما فمن نسی منکم فلیستقی “یعنی تم میں سے کوئی کھڑے ہو کر پانی ہر گز نہ پیئے، پس جو بھول جائے، تو اسے چاہیئے قے کر دے۔(مشکوۃ المصابیح مع مرقاۃ المفاتیح، جلد8، صفحہ164، حدیث4267، مطبوعہ: کوئٹہ)

علامہ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”ان النھی عن ذلک لم یکن علی وجہ التحریم کالنھی ان یشرب من فم السقاء ولھذا لم یکن من فعل ذلک عاصیا“ یعنی کھڑے ہو کر پینے کی ممانعت حرام کے درجہ کی نہیں، بلکہ یہ اسی طرح ہے، جیسے مشکیزہ کو منہ لگا کر پینے سے منع فرمایا۔ اسی وجہ سے اس کا کرنے والا گناہ گار نہیں ہوگا۔(نخب الافکار، جلد13، صفحہ425، بیروت)

علامہ علی بن سلطان قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”اما قولہ: فمن نسی فلیستقی، فمحمول علی الاستحباب فیستحب لمن شرب قائما ان یتقایاہ لھذا الحدیث الصحیح الصریح“ یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کا فرمان: ”جو بھول جائے تو اسے چاہیئے کہ وہ قے کر دے“ یہ استحباب پر محمول ہے، لہٰذا جو شخص

کھڑے ہو کر پئے، تو اس صحیح و صریح حدیث کی وجہ سے اس کے لئے مستحب ہے کہ وہ قے کر دے۔(مرقاۃ المفاتیح، جلد8، صفحہ163، مطبوعہ: کوئٹہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net